رہبر معظم انقلاب اسلامی نے آیۃ اللہ ہاشمی شاہرودی کو گارڈین کونسل کے فقہاء اور مجمع تشخیص مصلحت نظام کا رکن منصوب کیا ہے ۔ - 25 /Aug/ 2009

رہبرمعظّم انقلاب اسلامی نے اپنے ایک حکم میں آیۃ اللہ جناب سید محمود ہاشمی شاہرودی کو گارڈین کونسل کے فقہاء نیز مجمع تشخیص مصلحت نظام کا رکن منصوب فرمایا ۔

حکم کا متن حسب ذیل ہے :

آیۃ اللہ الحاج جناب سید محمود شاہرودی

ملکی عدلیہ میں آپ کی گرانقدر اور ناقابل فراموش خدمات کی قدر اور شکریہ ادا کرتے ہوئے نیز مذکورہ ادارےمیں آپ کیمسؤولیت کے دور کے اختتام پذیر ہونے کو مد نظر رکھتے ہوئے ،ملک کے بنیادی آئین کی دفعہ ۹۱کی بنیاد پر میں جناب عالی کو قانونی مدت کے لئیے گارڈین کونسل کے فقہاء ، نیز موجودہ پانچ سالہ دور کے لئیے مجمع تشخیص مصلحت نظام کا رکن منصوب کرتا ہوں ۔

ان خطیر اور حسا س ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئیے ، میں پروردگار عالم کی بارگاہ میں آپ کی روز افزوں توفیقات کا طالب ہوں ۔

سید علی خامنہ ای